

مارک لیپسین © ۲۰۰۶ نیشنل جیوگرافک

بونی جین جومولین، ایلی نوائے کے آٹھویں جماعت کے طالب علم ہیں نے گذشتہ مئی میں نیشنل جیوگرافک بی حاصل کیا۔ انھیں ۲۵ ہزار ڈالر اور نیشنل جیوگرافک سوسائٹی کی تاحیات رکنیت ملی۔ بونی ۱۹۹۷ میں کوٹا راجستھان سے اپنے والدین بینا اور روہت کے ساتھ جو سافٹ ویر انجینئر ہیں اور بہن ریا کے ساتھ امریکہ آئے۔ نیشنل جیوگرافک بی اور ورلڈ چمپئن شپ کی بانی اور سربراہ میری لی ایلڈن ۵ تا ۸ نومبر ۲۰۰۶ لکھنؤ کے جیوفسٹ میں تقریر کرنے والی ہیں۔ اور اگست ۲۰۰۷ میں سی ورلڈ سان ڈیگو، کیلیفورنیا میں ورلڈ چمپئن شپ کے لیے ایک ٹیم بنانے کی غرض سے ہندوستان سالانہ جغرافیائی مقابلہ شروع کرنے والا ہے۔

خبر منظر

منوج پنجابی

اسپوکین، واشنگٹن میں مقیم تھیٹر ڈائرکٹر بریان روسو ایک متوقع ایکٹرکی کو چنگ کر رہے ہیں۔ ایک امریکن ڈرامہ نگار لورین ہنسبری کی تخلیق ریزن ان دی سن کے پروڈکشن کے سلسلے میں ۲۸/۲۹ جولائی کے آڈیشن کے لئے کوچنگ کر رہے ہیں جس کا اہتمام محکمہ خارجہ کے ثقافتی رابطے کے پروگرام اور کلکتہ کی ایک آرٹس اور کلچر کی تنظیم SPANDAN نے کیا ہے۔

فلبرائٹ اسکالر ڈاکٹر نینا ایس رابرٹس نے جو سان فرانسسکو اسٹیٹ یونیورسٹی، کیلیفورنیا میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں اور ہندوستانی وزارت ماحولیات وجنگلات سے وابستہ ہیں، ہندوستان بھر میں نیشنل گرین کراپس ایگیکلبوں کا جائزہ لیا۔ انھوں نے جون میں یوم عالمی ماحولیات کی سرگرمیوں کے سلسلے میں ماحولیاتی تعلیم اور یوتھ پروگراموں کے متعلق اپنی معلومات کا ہماچل پردیش کے ضلع سیرمور کے طلبہ سے تبادلہ کیا۔

آر ایس سینگ